1989ء سے مسلسل اشاعت | 28 مئی تا 3 جون 2021 | شمارہ نمبر 22 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

APP

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA
COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM TM
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 PEFC ISO9001 ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129б0
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
قیمت: 70 روپے


# ڈی جی ویلیوایشن سے فیڈریشن ہاؤس میں اپما کے وفد کی ملاقات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) نئی تعینات ہونے والی ڈی جی کسٹم ویلیوایشن شہناز مقبول نے 25 مئی کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور تاجروں سے ویلیوایشن سے متعلق مسائل معلوم کئے۔ اس موقع پر چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس نے بھی خصوصی طور پر ان سے ملاقات کی اور انہیں پیپر ٹریڈ کی ویلیوایشن سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔ پیپر مرچنٹس نے ان کی توجہ کسٹم ایکٹ کی دفعہ (D)25 کے تحت نظر ثانی درخواستوں پر فیصلوں میں تاخیر کی طرف مبذول کرائی اور مطالبہ کیا کہ ایسا طریقہ کار اختیار کیا جائے کہ ان اپیلیوں پر فوری فیصلہ ہو سکے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ایک نظر ثانی کی درخواست کی مثال بھی دی جس کے بعد تین نئی رولنگز بھی جاری ہو چکی ہیں لیکن اس کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ پیپر مرچنٹس نے اس موقع پر ویلیوایشن رولنگز کے نوے دن کے لیے اجرا اور اس کے بعد اس کے غیر موثر ہونے سے متعلق مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ڈی جی ویلیوایشن نے اس سلسلے میں جلد اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ فیڈریشن کے اس اجلاس میں اے ٹی سی پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کے سی ای او اور سابق وائس چیئرمین اپما عابد نثار بھی دیگر تاجروں کے ہمراہ شریک ہوئے۔



(رنگین تصاویر صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں)

## بجٹ 11 جون کو پیش کیا جائے گا، بابر اعوان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ میں منی بل، ٹیکس لاز ترمیمی بل 21-2020 کی نقل پیش کر دی گئی۔ چیئرمین سینیٹ نے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو 28 مئی تک تجاویز بھجوا دیں۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور بابر اعوان نے قائد حزب اختلاف یوسف رضا گیلانی کے نکتہ اعتراض پر بتایا کہ آئندہ بجٹ 11 جون کو پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں فلسطین کی صورت حال پر بحث کے لیے وقفہ سوالات معطل کر دیا گیا۔

## حاجی علی محمد کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپما کی رکن فرم میسرز عاطف پیپر مارٹ کے پروپرائیٹر حاجی علی محمد کی اہلیہ، محمد اسلم، اشفاق لالہ اور محمد عاطف کی والدہ 21 مئی 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، صدر سدرن زونل کمیٹی سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین سینٹرل اور سدرن ایگزیکٹو کمیٹی نے مرحومہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔



نئے تعینات ایس ایچ او انارکلی لاہور ایم شہزاد نے 21 مئی 2021 کو اپما ناردرن زون کے دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداران سے پیپر مارکیٹ کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا


**توجہ فرمائیں.....!**
ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بجٹ میں حکومت کا ریٹیلرز کو ٹیکس دائرہ کار میں لانے کیلئے مختلف طریقہ کار پر غور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت ریٹیلرز کو ٹیکس دائرہ کار میں لانے کیلئے مختلف طریقہ کار پر غور کرر رہی ہے۔ سابق رکن ایف بی آر کا کہنا ہے کہ آئندہ بجٹ میں ریٹیلرز کے لیے جی ایس ٹی کی فکس شرح متعارف کی جانی چاہیئے۔ تفصیلات کے مطابق، حکومت ریٹیلرز کے لیے خصوصی اسکیم متعارف کرنے کے لیے مختلف طریقہ کار پر غور کر رہی ہے تا کہ جی ایس ٹی کی کم شرح جو کہ 5 سے 7 فیصد کے درمیان ہو عائد کی جاسکے اور لاکھوں دکان داروں کو ٹیکس دائرہ کار میں لایا جاسکے۔ 2021-22 کا بجٹ بنانے والوں نے مختلف طریقہ کار کی تجویز دی ہے، اس میں جاری پوائنٹ آف اسکیل (پی او ایس) اسکیم کو تمام شہروں میں پھیلانے کی بھی تجویز شامل ہے۔ حکومت نے پی او ایس کے لیے جی ایس ٹی شرح کم کر کے 12 فیصد کی تھی جو کہ برانڈڈ دکان داروں کے لیے تھی۔ اب حکومت چاہتی ہے کہ بڑی تعداد میں ریٹیلرز کو بھی ٹیکس دائرہ کار میں لایا جائے۔ حکومت کا ہدف تھا کہ وہ 10 ہزار برانڈڈ دکان داروں کو پی او ایس نظام میں شامل کرے مگر اب اسے مرحلہ وار بڑھا کر 50 ہزار اور پھر 1 لاکھ تک کیا جائے گا۔ چھوٹے ریٹیلرز کے لیے اب نادرا سے مدد لی جائے گی تا کہ انہیں ملک بھر میں رجسٹرڈ کیا جاسکے۔ ماضی میں تمام حکومتیں ریٹیلرز کو ٹیکس دائرہ کار میں لانے میں ناکام رہی ہیں۔ حکومت نے ایک بار بجلی کے استعمال سے اسے جوڑا تھا اور فکس ٹیکس بھی دکان کے حجم کے لحاظ سے مقرر کیا تھا مگر یہ اسکیمیں مطلوبہ نتائج دینے میں ناکام رہیں۔ ایف بی آر کے ایک عہدیدار کا کہنا تھا کہ خوف یہ ہے کہ اگر جی ایس ٹی کو مزید کم شرح پر لایا گیا تو اس سے ویلیو ایڈڈ نظام کا تصور فوت ہوجائے گا۔ جب کہ آئی ایم ایف بھی اس طرح کے اقدام کی مخالفت کرسکتا ہے۔ جب کہ حکومت کی رٹ بھی کمزور ہے، جہاں ایف بی آر کو اپنے قانون پر عمل درآمد کے لیے بہت محنت کرنا ہوگی۔ ایف بی آر ایسے صارفین کے لیے انعامی اسکیمیں متعارف کرنے پر بھی غور کررہا ہے، جنھیں پی او ایس نظام سے رسیدیں ملیں گی، اس طرح ایف بی آر کو معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں بھی مدد ملے گی۔ جی ایس ٹی کی شرح چھوٹے ریٹیلرز کے لیے 17 فیصد کی معیاری شرح سے کم رکھی جائے گی کیوں کہ ایف بی آر کو لگتا ہے کہ ابتدائی مرحلے میں زیادہ شرح کی وجہ سے مطلوبہ نتائج کے حصول میں مشکلات ہوں گی۔ ریٹیلرز کے لیے ایف بی آر آئندہ بجٹ میں ٹیکس کی فکس شرح لانے پر غور کررہا ہے، جب کہ تمام دکان داروں سے کہا جائے گا کہ وہ ٹیکس نظام میں شامل ہوکر مقررہ ٹیکس ادا کریں۔ اس کے علاوہ ریٹیل کی دکان پر کسی بھی قسم کا بل کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادا کرنے پر بھی مراعات دینے کی تجویز زیر غور ہے۔

## پہلی دفعہ ٹیکس ڈیفالٹر کو جیل میں ڈالا جائے گا، شوکت ترین

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ پہلی دفعہ پاکستان میں ٹیکس ڈیفالٹر کو جیل میں ڈالا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک انٹرویو میں کیا۔ وزیر خزانہ شوکت ترین کا مزید کہنا تھا کہ اگر ستر فیصد ٹیکس ودھ ہولڈنگ ہے اور ٹیلی نار وغیرہ اور بینکس اکٹھے کر کے دے رہے ہیں تو ایف بی آر اگر تیس فیصد میں معاملات کرتا ہے تو ان کا برتاؤ بدلنے کے لیے کیا کریں گے اس کے جواب میں کہا کہ یونیورسل سیلف اسیسمنٹ ہوگی اس کے بعد جو آڈٹ ہوگا وہ تھرڈ پارٹی کرے گی، ایف بی آر آڈٹ نہیں کرے گا ہم آئی کیپ سے لوگ لیں گے۔ ہم ڈیفالٹرز کو جیل میں ڈالیں گے، پہلی دفعہ پاکستان میں ٹیکس ڈیفالٹر کو جیل میں ڈالا جائے گا۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ اگر موازنہ کیا جائے تو ہمارے پچھلے سال کے مقابلے میں پہلے پانچ، چھ مہینوں میں منافع کی شرح زیادہ تھی۔ شوکت ترین نے بتایا کہ فروری سے

## ڈی جی ٹی او قابض گروپ کے زیر اثر ہے، سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ

کراچی (نیوز ڈیسک) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے رہنماؤں نے فیڈریشن انتخابات میں متنازع نتائج کی وجہ سے موجودہ صدر کے خلاف فیصلے دینے میں تاخیری حربے استعمال کرنے پر وزارت تجارت کے ماتحت ادارے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ڈی جی ٹی او فیڈریشن پر قابض گروپ کے زیر اثر ہے۔ پیر 23 مئی کو پریس کلب میں صدر زبیر طفیل، مرزا اختیار بیگ اور دیگر تاجر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدارتی امیدوار خالد تواب نے کہا کہ جب فیڈریشن کے متنازع صدر ناصر حیات کی جانب سے سندھ ہائیکورٹ سے لیے گئے حکم امتناعی کیلئے دائر کردہ درخواست کو ہائیکورٹ کی جانب سے مسترد کر دیا گیا اور عدالت نے ڈی جی ٹی او کو حکم دیا کہ وہ خود فیصلہ کرے کہ کون صدارتی منصب پر کامیاب ہے لیکن ڈی جی ٹی او تاخیری حربے استعمال کر رہے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ ہم وزیر اعظم کو حقائق سے آگاہ کریں۔

### اپیما کا وفد عبدالرزاق داؤد سے ملاقات کرے گا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن عہدیداران نے اپیما کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کے وفد کی جلد مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد سے ملاقات کرائی جائے گی جس میں پیپر کی تیار اشیا سے متعلق تضادات کو زیر بحث لایا جاسکے گا۔ توقع ہے کہ یہ ملاقات بجٹ کے اعلان سے قبل ہوگی۔

A A SERVICES
Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915
Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets
Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

SP

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

HI - GRADE
PREMIUM PAPER
A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM
ISO 9001.2015 CERTIFIED

FOR BOOKING CONTACT

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




5% PERCENT

**CUSTOM DUTY BENEFITS AS PER PTA CERTIFICATE**

# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# کورونا وبا اور پیپر سیکٹر بومنگ

تحریر: نوید مرزا

2019 کے اواخر اور 2020 کے شروعاتی مہینے اس لحاظ سے دنیا کے لیے بڑے ڈراؤنے ثابت ہوئے تھے کہ چائنا سے شروع ہونے والی ایک نئی بیماری کورونا نے دنیا میں تہلکہ مچا دیا تھا۔ اس وبائی بیماری کی وجہ سے دنیا بھر کے بیشتر ممالک کو لاک ڈاؤن میں جانا پڑا اور مارکیٹوں اور بازاروں کی بندش سے نہ صرف اربوں ڈالر کا نقصان ہوا بلکہ بہت سے ممالک کی معیشتیں مثبت سے منفی زون میں چلی گئیں اور یہ سلسلہ کسی نہ کسی شکل ہنوز جاری ہے۔ صنعتی و تجارتی اداروں کی بندش، جہاز رانی اور ٹرانسپورٹیشن میں تعطل کی وجہ سے پروڈکشن، ٹرانسپورٹیشن اور ڈسٹری بیوشن کا نظام درہم برہم ہوگیا اور برسہا برس سے صنعتی و تجارتی سرگرمیوں میں مصروف دنیا کی بڑی بڑی کمپنیوں کو سروائیو کرنا مشکل ہوگیا۔ بے شمار کمپنیاں اور ادارے اس صورت حال کے باعث یا تو بند ہوگئے یا انہیں شدید نقصان سے دوچار ہونا پڑا۔ ان میں یورپ اور امریکہ کی بڑی بڑی کمپنیاں اور ایسے ادارے بھی تھے جن کو بڑا مستحکم اور مضبوط قرار دیا جاتا تھا مگر جب لاک ڈاؤن ہوا تو سب سے پہلے یہی ادارے دیوالیہ ہوئے۔ ان اداروں میں بڑی بڑی ہوائی کمپنیاں، ہیوی ٹرانسپورٹ ایجنسیاں اور بحری جہازوں کے ٹرالر بنانے والی کمپنیاں بھی شامل تھیں جس کے ٹرالر دنیا کی بڑی بندرگاہوں میں پھنس کر رہ گئے اور ان کا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا۔ 2020 کے ابتدائی چند مہینوں میں جب کورونا کا خوف دنیا میں پھیلا ہوا تھا اور حکومتیں دھڑا دھڑ اپنے اپنے ملکوں میں لاک ڈاؤن کر رہی تھیں۔ پلپ اور پیپر سیکٹر بھی اس کی زد میں آیا لیکن حکومتوں کو بہت جلد یہ احساس ہوگیا کہ اس سیکٹر کی بندش سے پورے لاک ڈاؤن کا نقصان ہوسکتا ہے کیونکہ گھروں میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو بحر حال کھانے پینے کی اشیا کی ضرورت تو پڑنی تھی اور مارکیٹیں اور ریستوران بند ہوجانے سے لوگوں کو کھانے کے لالے پڑ گئے تھے اور گھروں میں کھانا پہنچانے کا کاروبار چمک گیا تھا مگر یہ کھانا گھروں تک پہنچانے کے لیے ڈبوں، پیپر اور گتوں کی دیگر اشیا کا کال پڑ گیا تھا اور ڈبوں کے بغیر کھانے پینے کی اشیا لوگوں تک منتقل کرنا ممکن نہیں تھا۔ چنانچہ دنیا کی بیشتر حکومتوں نے پیپر اور بورڈ ملز کو چلانے کی اجازت دی تاہم صرف انہیں ملز کو چلانے کی اجازت دی گئی جہاں پیکیجنگ اور پیکنگ خاص طور پر غذائی اشیا کی پیکنگ کا پیپر تیار ہوتا تھا۔ دنیا بھر میں کاروگیٹڈ پیپر اور پیکنگ پیپر کی زبردست ڈیمانڈ نے عین وبا کے عروج کے زمانے میں بھی سادہ گھریلو اور دفتری پیپر بنانے والے ادارے کو مجبور کیا کہ وہ پیکیجنگ اور پیکنگ پیپر تیار کریں بصورت دیگر اپنے کاروبار سے ہاتھ دھو بیٹھیں کیونکہ اسکول کالج یونیورسٹیاں سب بند تھیں۔ دفاتر میں تالے تھے اور مارکیٹیں اور بازار بند پڑے تھے ایسے میں پیپر کون خریدتا جبکہ دوسری جانب گھریلو اشیا کی مارکیٹ، خوراک اور ادویات کی سیلز میں بے پناہ اضافہ ہوگیا تھا اور مارکیٹیں بند ہونے سے لوگ ان اشیا کا فون پر دھڑا دھڑ آرڈر دے رہے تھے اور دکاندار یہ اشیا پیک کر کے لوگوں کو گھروں پر پارسل کر رہے تھے۔ اس صورت حال نے پیپر سیکٹر کی ہیئت ہی بدل ڈالی۔ 2020 میں جو کمپنیاں بڑے پیمانے پر عام پیپر تیار کر رہی تھیں وہ اب 2021 میں بالکل ہی الگ طریقے سے چل رہی ہیں اور اب وہ پیکیجنگ اور دوسری مصنوعات بنا رہی ہیں اور یہ سب کچھ صرف ایک وبا کورونا کی وجہ سے ہوا ہے۔ امریکہ کے تجزیاتی ادارے RISI نے اپنی ایک تازہ ترین رپورٹ میں بتایا ہے کہ اس وقت امریکہ کے پیپر سیکٹر کے پاس جتنے آرڈرز ہیں وہ اس سے قبل کبھی نہیں تھے اس کی ایک وجہ سے پچھلے سال کے رکے ہوئے آرڈرز کا دوبارہ آنا ہے تو دوسری وجہ لوگوں کا یہ خوف بھی ہے کہ کہیں اس سال پھر کوئی وبا اچانک نمودار ہو کر ان کے کاروبار کو نقصان نہ پہنچا دے چنانچہ انہوں نے اپنی ضرورت سے زیادہ ہی آرڈرز بک کرا دیا ہے جس کی وجہ سے پیپر تیار کرنے والے اداوں پر شدید دباؤ پڑ رہا ہے۔ ان آرڈرز کی تکمیل کرنا بہت مشکل امر ہے۔ دنیا بھر میں پیکیجنگ اور مصنوعات کو پیپر اور بورڈ، اسٹائل میں پیک کرنے کی صنعت دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے اور پچھلے چند سالوں کی نسبت اس میں کئی سو گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ دنیا کی ہر بڑی پیپر ساز کمپنی نے اپنے ہاں پیکیجنگ مشینری لگانا شروع کر دی ہے۔ عام استعمال کے علاوہ پیکنگ پیپر لازمی تیار کیا جا رہا ہے۔ امریکہ کے تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ امریکہ اور کینیڈا میں جن کمپنیوں کے پاس صرف پیپر تیار کرنے کی مشینری تھی وہ اس بحران میں ڈوب گئے کیونکہ بحران کے دنوں میں پیپر خریدنے کا ہوش کسے تھا لوگوں کو اپنے گھروں پر کھانا درکار تھا جس کی پیکنگ میں عام پیپر استعمال ہی نہیں کیا جا سکتا تھا جس کی وجہ سے پیکنگ پیپر کو گھٹیا سمجھنے والے بڑے بڑے پروڈیوسرز دیکھتے رہ گئے جب معمولی اور گھٹیا قسم کا گتہ بنانے والوں کے پاس آرڈرز کے انبار لگ گئے اور وہ تین شفٹوں میں پلانٹ چلانے کے باوجود بھی آرڈرز کی بروقت تکمیل سے قاصر تھے۔ بحران کے دنوں میں بڑی بڑی کمپنیوں نے اس صورت حال کا قریب سے مشاہدہ کیا اور اس نتیجے پر پہنچے کے عام پیپر کے ساتھ ساتھ انہیں پیکیجنگ اور پیکنگ پیپر بھی بنانا ہوگا تب ہی وہ مارکیٹ میں سروائیو کر سکتے ہیں بعض کمپنیاں تو ایسی تھیں جنہوں نے اپنا پورا پلانٹ ہی چینج کر کے پیپر سے پیپر بورڈ پلانٹ میں تبدیل کر لیا اور آج خوب پیسے کما رہی ہیں۔ اس وقت سب سے زیادہ بومنگ چائنا، امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا اور دیگر یورپی ممالک میں آئی ہے جہاں بڑی مقدار میں پیکیجنگ پیپر تیار کیا جا رہا ہے۔ مارکیٹنگ پر نظر رکھنے والے تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ پچھلے سال گھر میں بیٹھنے والے لوگوں کا خریداری کا رجحان بہت حد تک چینج ہو گیا ہے اور اب انہیں گھر بیٹھے خریداری کی عادت پڑ گئی ہے۔ ڈیجیٹل اسکرین پر دنیا کی ہر چیز اس طرف جا رہی ہے اور اتنی مراعات دی جا رہی ہیں کہ لوگ اب مارکیٹ جانے اور بازاروں میں گھومنے کو وقت کا ضیاع سمجھنے لگے ہیں اور گھر بیٹھے خریداری کے مزے لے رہے ہیں۔ بعض کمپنیاں اپنے ورکرز کو صبح 9 سے 5 تک دفتروں میں بند رکھی تھیں اب گھروں پر بیٹھے ورکروں سے کام لینے کا اتنی عادی ہوگئی ہیں کہ انہیں اس سسٹم کو مستقل طور پر اپنے نظام کا حصہ بنا لیا ہے اور اب الگ ورکرز مستقل طور پر گھر بیٹھے کمپنی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اس طرح نہ صرف ان کمپنیوں کے دفاتر کا خرچہ بچ رہا ہے بلکہ مالکوں کے ریفریشمنٹ اور وقت کا ضیاع کی بھی روک تھام ہو رہی ہے دوسرے یونین سازی کے جھنجھٹ سے بھی نجات مل گئی ہے کہ ایک ورکر کو دوسرے کا نہیں پتا کہ وہ اس دفتر میں کام کرتا ہے جہاں وہ خود ملازم ہے۔ کورونا وبا نے دنیا بھر کے دفتری نظام کو بڑی حد تک بدل ڈالا ہے اور اب جب کبھی بھی دنیا اپنے معمول پر آئے گی تو اسے ایک بدلا ہوا نظام ملے گا۔ اس میں سے جو اچھی خبر آئی وہ پیپر سیکٹر کے بارے میں ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک ماہرین کہہ رہے تھے کہ ڈیجیٹل اسکرین آنے سے پیپر کی طلب کم ہو جائے گی کیونکہ سارے اخبارات رسالے کتابیں اب انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں تو کہیں کھانا، کپڑے اور ضرورت کی دوسری چیزیں بھی آپ انٹرنیٹ سے حاصل کر سکتے ہیں تو اس کا جواب ہاں میں ہے اور یہی وہ چیز ہے جو پیپر ساز اداروں کے لیے رحمت کا فرشتہ ثابت ہوئی ہے اور بند ہوتی ہوئی ملز میں دوبارہ جان پڑ گئی ہے امریکہ اور یورپی ممالک میں بیمار پیپر سیکٹر ایک بار پھر جی اٹھا ہے اور زندگی کی ایک نئی لہر پیکجنگ انڈسٹری کی صورت میں نظر آئی ہے جو تیزی سے ترقی کر رہی ہے اور ابھی اس کے زوال کے آثار دور دور تک نظر نہیں آ رہے۔ دنیا بھر کے لوگوں کو گھر بیٹھے خریداری کی عادت پڑ رہی ہے اور اس میں سب سے اہم رول پیپر کا ہے کیونکہ پیر سے بنے ڈبے کسی بھی شے کو اس کی منزل تک صحیح سلامت پہنچانے میں سب سے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ کورونا وبا نے پیپر سیکٹر کو ایک نئی زندگی دی ہے اور دنیا بھر کی پیپر سازی کی صنعت میں ایک نئی جان آ گئی ہے۔ اب دنیا بھر میں پیکجنگ پیپر ملز کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور ان کی پروڈکشن کی صلاحیت بھی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور تجزیہ کار کہتے ہیں کہ یہ صلاحیت کتنی ہی بڑھ جائے اس کی ڈیمانڈ کم نہیں ہوگی کیونکہ پیک شدہ اشیا کی خریداری میں ہزاروں گنا اضافہ ہو رہا ہے اور معمولی پیک سے لے کر کنٹینرز تک پیپر سے تیار کئے جا رہے ہیں اور یہ سلسلہ ابھی برسوں تک اسی زور و شور سے جاری رہے گا۔ پچھلے سال تک پیپر سازی کو ایک مرتی ہوئی صنعت گردانتے والے اب حیرت سے اس کی ترقی دیکھ رہے ہیں اور اب تو پیپر کی کیٹگری اور دوسری مصنوعات بھی مارکیٹ میں آ رہی ہیں جس سے پیپر سیکٹر کا مستقبل تابناک ہونے کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک 4ارب 31 کروڑ کا حساب دے، پرائز بانڈز ڈیلرز

کراچی (بزنس ڈیسک) آل پاکستان پرائز بانڈز ڈیلرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد فاروق نورانی بانڈ والا، محمد یعقوب میمن، عبدالرزاق سانگانی، عارف اسماعیل اور الطاف لاکھانی نے کہا ہے کہ 7500 کے پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی راتوں رات بند کرنا عوام پر معاشی بم گرانے کے برابر ہے۔ اسٹیٹ بینک 4ارب 31 کروڑ روپے کا حساب دے یہ پیسے کس کی جیب میں گئے ہیں۔ حکومت نے انعامی پرائز بانڈز کا کاروبار کرنے والوں کو بیروزگار کرنے کیلئے حکمت عملی اپنالی ہے۔ حکومت بیرون ممالک سے اتنے قرضے لے رہی ہے کہ آنے والے وقت میں ہمیں اپنی قومی معیشت کے ساتھ ایٹمی پروگرام پر بھی سمجھوتہ کرنے پر مجبور کردیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر 23 مئی کو کراچی پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے جہاں دیگر کاروباری حلقوں میں کاروبار کرنے والوں کیلئے دشواری پیدا کردی ہے وہیں انعامی پرائز بانڈز کا کاروبار کرنے والوں کو بیروزگار کرنے کیلئے بھی حکمت عملی اپنا لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومتوں نے غیر ملکی قرضوں سے بچنے کیلئے اپنی ہی عوام سے قومی بچت بینک کے توسط سے انعامی پرائز بانڈز کا اجرا کرتی رہی ہے تاکہ حکومت غیروں کے آگے ہاتھ پھیلانے کے بجائے اپنی ہی قوم کے محب وطن افراد کی رقوم سے ملکی معیشت کو سہارا دے سکے۔ ملک میں چالیس ہزار روپے تک کے انعامی پرائز بانڈ کا اجرا ہوتا رہا ہے لیکن اب موجودہ حکومت ناقص پالیسی کی وجہ سے اپنی قوم کو کنگال کر کے اپنے بیرونی آقاؤں کا غلام بنانے کا پلان ترتیب دیا جارہا ہے۔ آل پاکستان پرائز بانڈز ڈیلرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا کہ غریب عوام کیلئے ایک اور دکھ اور پریشانی یہ بھی ہے کہ اسٹیٹ بینک کسی بھی پرائز بانڈ کا اجرا کرتا ہے تو قومی بچت سمیت دیگر بینکوں میں مختلف کاؤنٹرز کھول دیا کرتے تھے جہاں سے اربوں کرڑوں روپے کے پرائز بانڈز جاری کئے تھے لیکن پرائز بانڈ بند کرنے کا وقت آیا تو تمام بینک غریب عوام سے پرائز واپس لینے میں مشکلات کھڑی کررہے ہیں اور نہ ہی واپس لینے کا وقت بڑھایا جارہا ہے جس کی وجہ سے کروڑوں روپے کے انعامی بانڈز صرف ایک کاغذ کا ٹکڑا بن کر رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے عوام کے چار ارب 31 کروڑ 77 لاکھ 44 ہزار روپے لوٹ لیے جس کو پوچھنے والا کوئی نہیں۔ سات ہزار پانچ سو روپے کے پرائز بانڈ کی ہونیوالی قرعہ اندازی راتوں رات بند کرنے کا اعلان کرنا عوام الناس پر معاشی بم گرانے کے برابر ہے۔ اسٹیٹ بینک 4ارب 31 کروڑ روپے کا سارا حساب دے کہ یہ پیسے کس کی جیب میں گئے؟ انہوں نے کہا کہ ہم اسٹیٹ بینک سے مطالبہ کرتے ہیں کہ 31 مئی تک واپس لینے والے 25 ہزار روپے کے پرائز بانڈ کی تاریخ بڑھائی جائے جبکہ جون میں 15 ہزار روپے والے پرائز بانڈ کی تاریخ میں اضافہ کیا جائے۔

# پاک افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ میں مزید 6 ماہ کی توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ میں مزید 6 ماہ کی توسیع کی منظوری دیدی۔ نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ میں توسیع کا فیصلہ اس بات کا عکاس ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ دوطرفہ تجارت اور ٹرانزٹ ٹریڈ بڑھانے کیلئے پرعزم ہے۔ محمد صادق نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ میں توسیع دونوں ممالک کے عوام کے لئے خوشحالی لائے گی۔

# نیشنل بینک نے اے ٹی ایم کارڈز کا اجراء بند کردیا

کراچی (نیوز ڈیسک) نیشنل بینک آف پاکستان کے صدر عارف عثمانی نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں نیشنل بینک نے ڈیجیٹل بینکنگ کو بڑھایا ہے، نیشنل بینک اب پلاسٹک منی کو ڈیجیٹل منی میں منتقلی کے حوالے سے بڑے پیمانے پر کام کررہا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نیشنل بینک آف پاکستان کے ساتھ اشتراک کی مفاہمتی یاداشت پر دستخط کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر نیشنل بینک عارف عثمانی کا کہنا تھا کہ آج لاکھوں لوگ ایزی پیسہ کے ذریعے رقم کی منتقلی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اب اے ٹی ایم کارڈز کا اجراء نیشنل بینک نے بند کردیا ہے۔ ساتھ اسٹاک ایکسچینج کا اشتراک مفاہمتی یاداشت پر سی ای او اسٹاک ایکسچینج اور صدر نیشنل بینک نے دستخط کردیے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# آئی اینڈ آئی کی لاہور میں کارروائی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کے ڈائیریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانویسٹی گیشن نے لاہور میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے چار ارب 27 کرور روپے کی ٹیکس چوری پکڑ لی، انو ویٹو بسکٹ کمپنی کے ڈائریکٹر شیخ منیر حسین کو گرفتار کرلیا گیا، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ڈائیریکٹوریٹ جنرل انٹیلی جنس وانوسٹی گیشن آئی آر لاہور نے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی شق 38 اور 40 کے تحت مصدقہ اطلاع ملنے پر لاہور میں واقع انو ویٹو بسکٹ کے خلاف سیلز ٹیکس چوری کرنے پر ایکشن لیا۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سندھ میں کورونا کے باعث نافذ پابندیاں مزید دو ہفتے تک برقرار رکھنے کا فیصلہ

## بازار شام چھ بجے بند ہوں گے، شادی ہالز وغیرہ بھی بند رہیں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلی سندھ نے صوبے میں کورونا کے بڑھتے کیسز کے پیش نظر موجودہ پابندیوں کو دو ہفتے برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کاروباری اوقات کار رات 8 بجے سے تبدیل کر کے 6 بجے کر دیئے گئے۔ وزیر اعلیٰ سندھ کی صدارت میں کورونا وائرس صوبائی ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزراء، آئی جی سندھ، فوج اور رینجرز کے نمائندوں سمیت دیگر نے بھی شرکت کی۔ پیر سے دکانیں 8 کے بجائے شام 6 بجے تک کھلیں گی۔ ڈپارٹمنٹل سٹورز بھی 6 بجے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام سیاحتی مراکز، سی ویو، ہاکس بے، تفریحی پارکس، شادی ہالز 2 ہفتے تک بند رہیں گے۔ انٹرسٹی ٹرانسپورٹ 05 فیصد مسافروں کے ساتھ چلیں گی۔

## اوورلوڈنگ قانون پر عملدرآمد کرائیں، گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکمران دوغلی پالیسی چھوڑ کر اوورلوڈنگ قانون پر عملدرآمد کرائیں، حکومت چند بااثر انڈسٹریل مافیا کو فائدہ پہنچانے کی خاطر قومی شاہراہوں کو تباہ برباد کرنے پر تلی ہوئی ہے، قومی شاہراہوں کی تباہی کے جرم میں شریک افسران کے خلاف قانون خود راستہ بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی کے رہنماؤں محمد اظہر قادری، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اوورلوڈنگ کے خاتمے کیلئے آخری حد تک جائیں گے، حکومت اور متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کرنے میں یکسر ناکام ہیں۔ پارلیمنٹ میں قانون پاس ہوتا ہے اور پاکستان کی اعلی عدلیہ اس قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے کا آرڈر بھی جاری کر دے تو پھر بھی اس قانون پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔

## بجٹ میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کو ٹیکس ریلیف دینے کیلئے متعدد آپشن پر غور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت ملٹی نیشنل کمپنیوں کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ریلیف دینے کے لیے مختلف آپشن پر غور کر رہی ہے، بجٹ میں ٹرن اوور ٹیکس کو 1.5 فیصد سے کم کر کے 0.5 فیصد کرنے کی تجویز ہے، اس حوالے سے پاکستان بزنس کونسل، اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پاک امریکن بزنس کونسل نے حکومت کو مختلف تجاویز پیش کی ہیں، ذرائع کے مطابق جنرل سیلز ٹیکس کو 17 فیصد سے کم کر کے 12 فیصد کرنے کے لیے آئندہ بجٹ میں روڈ میپ تیار کرنے کی بھی تجویز دی گئی، یہ تجویز بھی دی گئی کہ انکم ٹیکس کو 29 فیصد سے بتدریج کم کر کے 25 فیصد کیا جائے، اسمگلنگ روکنے کے یز دی گئی، انکم لیے میکنزم مرتب کرنے کی بھی تجویز دی، فنانس ایکٹ 2020 کے ذریعے غیر رجسٹرڈ شخص کو سیلز نہ کرنے کی اجازت نہ دینے میں ترمیم کرنے کی بھی تجویز دی گئی۔

## حکومت بجٹ میں منیمم ٹیکس رجیم کا خاتمہ کرے، پاکستان ٹیکس بار

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ کو ترقی کا ٹول بنانا چاہتی ہے تو اس کے لئے عالمی مالیاتی ادارے کی بجائے زمینی حقائق کو پیش نظر رکھے، منیمم ٹیکس رجیم کا خاتمہ کر کے سیکشن 65 بی کو بحال کرے تا کہ گرین فیلڈ انڈسٹری فروغ پاسکے، صدارتی آرڈیننس لانے کی بجائے حکومت ٹیکس ریفارمز اور ٹیکس بیس پر توجہ دے کر ٹیکس اہداف کو با آسانی پورا کر سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ٹیکس بار کے صدر آفتاب حسین ناگرہ سینئر نائب صدر قاری حبیب الرحمن زبیری، جنرل سیکرٹری فرحان شہزاد، ارشد نواز مان، سید تنصیر بخاری، شہباز صدیق اور شہباز قادر نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی اور ترقی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر بہت سے اقدامات کرنا ناگزیر ہے لیکن حکومت نے اس طرف سے آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس قوانین کو مشکل بنانے کی بجائے سہل بنانا چاہیے کیونکہ پیچیدگیوں کی وجہ سے ٹیکس دینے کی استطاعت رکھنے کے باوجود بہت سے لوگ چور راستے اختیار کرتے ہیں، نہ ٹیکس دہندگان حکومت پر اعتماد کرتے ہیں اور نہ ہی حکومت ان پر اعتماد کرتی ہے جس کی وجہ سے صدارتی آرڈیننس لانے پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ماضی کی روایات کے برعکس بجٹ کی مجوزہ دستاویزت پر مشاورت نہیں کی گئی۔

## قومی اسمبلی، ٹیکس قوانین ترمیمی آرڈیننس میں توسیع کی قرارداد منظور

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) قومی اسمبلی نے محصول (ترمیمی) آرڈیننس 2021ء کی مزید 120 دنوں کیلئے توسیع کی قرارداد کی منظوری دے دی۔ پیر 23 مئی کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری خزانہ مخدوم زین قریشی نے قرارداد پیش کی کہ قومی اسمبلی قوانین محصول (ترمیمی) آرڈیننس 2021ء کی 11 جون 2021ء سے مزید 120 دن کی توسیع کی جائے۔ مسلم لیگ (ن) کے انجینئر خرم دستگیر نے قرارداد کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ زبانی طور پر عوام پر ٹیکس لگانے کی مخالفت کرتے ہیں۔ ہمارا نکتہ نظر یہ ہے کہ کوئی بھی ٹیکس لگانا مقصود ہو تو پارلیمنٹ سے منظوری حاصل کی جائے۔ ٹیکس قوانین کو آرڈیننسوں کے ذریعے لاگو کرنے کا رواج ختم ہونا چاہیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ آرڈیننس کے ذریعے ٹیکسیشن آئین کی شق 73 کی خلاف ورزی ہے۔ مالیاتی بل کا تمام تر اختیار قومی اسمبلی کے پاس ہے۔ قومی اسمبلی نے کثرت رائے سے قرارداد کی منظوری دے دی۔

## جے ایس بینک نے ڈیجیٹل چیک سروس متعارف کرادی

کراچی (بزنس ڈیسک) جے ایس بینک نے پہلی ڈیجیٹل چیک سروس جے ایس ڈیجی چیک پاکستان میں متعارف کرادی ہے جو جے ایس بینک کے موبائل ایپ استعمال کرنے والوں کو چیکس بھیجنے کی سہولت فراہم کرتی ہے اور اس کیلئے عام چیکس کے استعمال کی ضرورت نہیں رہتی، ڈیجیٹل جدت اور کسٹمرز کی سہولت کے پیش نظر لانگ ٹرم اسٹریٹجی کے حصے کے طور پر بینک مسلسل پراڈکٹس اور خدمات کے حوالے سے کوشاں ہے، سروس کے ذریعے استعمال کنندگان ڈیجیٹل چیکس اپنی جے ایس موبائل ایپ کے ذریعے چند سادہ اقدامات کے ذریعے جاری کر سکتے ہیں۔ ان اسٹیپس میں انہیں وصول کنندہ کا نام، موبائل نمبر، سی این آئی سی اور رقم درج کرنا ہوگی۔ چیک کا وصول کنندہ 12 ڈیجٹ کا پن نمبر اپنے سیل فون پر وصول کریگا جو وہ اپنی قریب ترین جے ایس بینک کی برانچ پر لے جا کر رقم نکلوا سکتا ہے۔ چیف ڈیجیٹل آفیسر نعمان اظہر نے بتایا کہ ہمارا مقصد مسلسل جدت کے تعارف سے اپنے گاہک کے مالی سفر کو سادہ، آسان اور باسہولت بنانا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی، مقامی آفسیٹ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں، 26 مئی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، اسٹیکر پیپر اور آفسیٹ پیپر آئی کے کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ فوٹو کاپی پیپر اور مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 308 روپے سے کم ہو کر 295 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 215 روپے سے کم ہو کر 210 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ تمام سائز 53 گرام، 100 روپے سے بڑھ کر 102 روپے، تمام سائز 60 گرام 100، روپے سے بڑھ کر 102 روپے، تمام سائز 63 گرام 110، روپے سے بڑھ کر 112 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 490 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 575 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 435 روپے سے بڑھ کر 440 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 495 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 580 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی (13.5) F4A سائز 70 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کلر سنار اسپیکٹرا 80، گرام، 200 روپے سے کم ہو 195 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 690 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2275 روپے سے کم ہو کر 2225 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2250 روپے سے کم ہو کر 2225 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2250 روپے سے کم ہو کر 2225 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## کرنسی مارکیٹ میں روپے کی قدر میں کمی کا سلسلہ جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں منگل 25 مئی کو ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ گراوٹ کا شکار رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 25 مئی کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت خرید 45 پیسے کے اضافے سے 153.90 روپے سے بڑھ کر 154.35 روپے اور قیمت فروخت 154 روپے سے بڑھ کر 154.45 روپے ہو گئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 30 پیسے کے اضافے سے 154 روپے سے بڑھ کر 154.30 روپے اور قیمت فروخت 154.40 روپے سے بڑھ کر 154.70 روپے ہو گئی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید 1.20 روپے کے اضافے سے 186.80 روپے سے بڑھ کر 188 روپے اور قیمت فروخت 70 پیسے کے اضافے سے 188.30 روپے سے بڑھ کر 189 روپے ہو گئی جب کہ برطانوی پونڈ کی قیمت خرید ایک روپے کے اضافے سے 216.50 روپے سے بڑھ کر 217.50 روپے اور قیمت فروخت 218 روپے سے بڑھ کر 219 روپے ہو گئی۔

## حکومت کی گاڑیوں کی قیمتیں 10 فیصد تک کم کرانے کی کوشش

لاہور (نیوز ڈیسک) ملک بھر میں گاڑیاں سستی ہونے کا امکان پیدا ہو گیا، وفاقی حکومت نے ملک بھر میں گاڑیوں کی قیمتیں 10 فیصد تک کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے ملک بھر میں گاڑیوں کی قیمتیں 10 فیصد تک کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں سمری تیار کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جون 2019 میں ڈالر 152 روپے تھا اور اس وقت ڈالر کی قیمت میں اضافے کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان رہا۔ ڈالر کی قیمت 170 روپے تک پہنچ گئی اور اب ڈالر دوبارہ 152 روپے پر آ گیا ہے تو گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی نہیں لائی گئی۔ اس عرصہ میں گاڑیوں کی قیمتوں میں 10 لاکھ روپے تک اضافہ ہو گیا۔ وفاقی حکومت نے گاڑیوں کی قیمتوں میں 5 سے 10 فیصد تک کمی لانے کے لیے ڈیوٹی بھی کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر میں جو گاڑیاں تیار کی جاتی ہیں ان کے اکثر سپیئر پارٹس درآمد ہوتے ہیں۔

## پنجاب: جائیداد منتقلی کیلئے نادرا سے رجوع کرنا ہوگا

لاہور (نیوز ڈیسک) حکومت پنجاب نے جائیداد کے معاملات کو جلد نمٹانے کے لیے پنجاب جانشینی سرٹیفیکیٹس آرڈیننس 2021 نافذ کر دیا ہے، منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کے حصول کیلئے شہریوں کو اب عدالت کے بجائے نادرا سے رجوع کرنا پڑے گا، گورنر پنجاب کے جاری کردہ 13 نکاتی جانشینی قانون پر عملدرآمد شروع ہو گیا ہے لوگوں کو مرنے والے کی جائیداد کے حصول کیلئے نادرا کے دفتر سے رجوع کرنا پڑے گا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بجٹ میں 6 ہزار ارب کا ٹیکس ہدف تجویز کیا جائے گا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئندہ بجٹ میں چھ ہزار ارب روپے کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کے لئے نے تجاویز دے دیں۔ مالی سال 22-2021 کے لئے ٹیکس وصولیوں میں بہتری کے لئے مختلف اقدامات کا فیصلہ کیا گیا ہے تاہم کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جائے گا۔ ایف بی آر کو تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سیلز ٹیکس کی یکساں شرح عائد کیئے جانے کا بھی امکان ہے۔ آن لائن ریٹیلرز کے لئے انتظامی تبدیلیاں اور ٹیکس شرح میں کمی کیئے جانے کا امکان ہے۔ تاجر برادی کے لئے ریٹرن فائل کرنے کا طریقہ کار آسان بنایا جائے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق آئندہ مالی سال میں چھ ہزار ارب روپے کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کے لئے ایف بی آر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگائے گا بلکہ ٹیکس ہدف کے حصول کے لئے مختلف طریقہ کار اپنائے جائیں گے۔ ٹیکس نیٹ کو بڑھا کر نئے ٹیکس دہندگان کو شامل کیا جائے گا۔

## آن لائن شاپنگ: عوام کو لٹنے سے بچانے کیلئے پالیسی بنانیکا اعلان

**مصنوعات کو بڑھا چڑھا کر پیش کر کے گھٹیا مال بھجوا کر لوٹنے والی کمپنیوں کا محاسبہ ہوگا مؤثر روابط اور شفافیت سے ای کامرس کو مزید ترقی ملے گی، چیئر پرسن مسابقتی کمیشن**

